DAY — 11 SEAT NUMBER | | | | | | |

2025 | II | 25 | 1100 | J-333 | (U)

CO-OPERATION (53)

Time : 3 Hrs. **(4 Pages)** **Max. Marks : 80**

ہدایات :- (۱) تمام سوالات لازمی ہیں۔
(۲) بائیں جانب دئے گئے اعداد سوالات کے لئے مکمل نشانات ظاہر کرتے ہیں۔
(۳) دائیں جانب کے اعداد سوال نمبر ظاہر کرتے ہیں۔
(۴) ہر سوال کا جواب نئے صفحہ سے شروع کریں۔

سوال نمبر ۱ :- (الف) درج ذیل میں دئے گئے الفاظ میں سے مناسب لفظ چُن کر جملوں کو دوبارہ لکھئے۔ (5) **[20]**

(۱) اجلاس کو برخاست کرنے کا اختیار ..... کو ہوتا ہے۔
(الف) صدر (ب) برائے نام رُکن (ج) سکریٹری

(۲) عالمگیریت/آفاقیت کے عمل کے بعد امدادِ باہمی انجمن کو حکومت کی جانب سے دی جانے والی مدد میں ..... کیا گیا۔
(الف) اضافہ (ب) مقابلہ (ج) کمی/تخفیف

(۳) تسجیل کی درخواست کے ساتھ ضمنی اصولوں (Bye-laws) کی ..... نقولات منسلک کرنا چاہئے۔
(الف) دو (ب) چار (ج) چھ

(۴) بھارت میں پہلا امدادِ باہمی انجمن قانون ..... سال میں منظور ہوا۔
(الف) 1912ء (ب) 1904ء (ج) 1925

(۵) ویکنٹھ مہتا قومی ادارہ برائے امدادِ باہمی نظامت ..... مقام پر واقع ہے۔
(الف) پونے (ب) ناگپور (ج) نئی دلّی

(ب) مناسب جوڑیاں لگائیے۔ (5)

گروپ 'الف'	گروپ 'ب'
(الف) میک لیکن کمیٹی رپورٹ	(۱) انجمن کی بنیاد
(ب) آخری اجلاس	(۲) امدادِ باہمی انجمن کا ملازم
(ج) سکریٹری	(۳) 1915ء
(د) گاہک/ صارف	(۴) انجمن کے ساہوکار
(ہ) ضلع نائب مسجّل (Registrar)	(۵) انجمن کا اختتام/ خاتمہ
	(۶) ریاست سطح
	(۷) مسابقتی بازار کا بادشاہ
	(۸) 1951ء
	(۹) دوسرا مقام
	(۱۰) ضلعی سطح

(ج) درج ذیل بیان صحیح ہیں یا غلط لکھئے۔ (5)
(۱) امدادِ باہمی انجمن کے لئے محاسبہ اہم ہے۔
(۲) غیر مطابق قانونی بیاضیں (Non - Statutory Books) تشکیل دینا قانوناً لازمی ہے۔
(۳) صدر کی غیر حاضری میں سکریٹری ذمّہ دار ہوتا ہے۔
(۴) امدادِ باہمی قرض فراہمی کی ساخت تین سطحی ہے۔
(۵) امدادِ باہمی انجمن کے کمشنر و مسجّل کا تقرّر ریاستی حکومت کرتی ہے۔

(د) ایک جملے میں جوابات دیجئے۔ (5)
(۱) ڈاکٹر دھنن جئے راؤ گاڈگیل ادارہ برائے امداد باہمی نظامت کے قیام کا اہم مقصد کیا ہے؟
(۲) منافع منقسم (Dividend) کسے کہتے ہیں؟

(۳) اجلاس کا پروگرام کارڈ/ایجنڈا (Agenda) کسے کہتے ہیں ؟

(۴) تعلقہ سطح پر امدادِ باہمی انجمن کا ناظرِ اعلیٰ/نگراں (Chief controller) کون ہوتا ہے؟

(۵) جاری جانچ/محاسبہ (Continuous Audit) کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر۲ :- درج ذیل اصطلاحات (concepts) کی وضاحت کیجئے۔ (کوئی چار) **[8]**

(۱) مجلسِ انتظامیہ۔

(۲) نئی معاشی پالیسی۔

(۳) برائے نام رکن۔

(۴) ثالث (Arbitrator)

(۵) خازن/خزانچی۔

(۶) امدادِ باہمی تربیت۔

سوال نمبر۳ :- درج ذیل بیانات کے لئے آپ کی رائے (opinion) تحریر کیجئے۔ (کوئی دو) **[6]**

(۱) شہری امدادِ باہمی بینک کی قرض فراہمی کے سبب خودروزگاری (Self Employment) کو فروغ ملتا ہے۔

(۲) امدادِ باہمی انجمن محفوظ جمع رقم تیار کرتی ہے۔

(۳) ضلعی مرکزی امدادِ باہمی بینک کی باقی ماندہ رقم میں اضافہ ہونا ایک سنگین مسئلہ بن گیا ہے۔

سوال نمبر۴ :- فرق واضح کیجئے۔ (کوئی تین) **[12]**

(۱) پہلا عام اجلاس اور سالانہ عام اجلاس۔

(۲) ضلعی مرکزی امدادِ باہمی بینک اور ریاستی امدادِ باہمی بینک۔

(۳) باقاعدہ رکن اور امدادی یا مددگار رکن۔

(۴) حصص (Shares) اور نقد ادھار (Debentures)۔

سوال نمبر۵ :- مختصر نوٹ لکھئے۔ (کوئی دو) **[8]**

(۱) امدادِ باہمی کمشنر و مسجّل (Registrar) کے اختیارات۔

(۲) امدادِ باہمی تحریک کو درپیش مسائل کو دور کرنے کی تدابیر/حل۔

(۳) مہاراشٹر ریاستی امدادِ باہمی یونین (Union)۔

سوال نمبر۶ :- وجوہات تحریر کیجئے۔(کوئی دو) **[8]**

(۱) شہری امدادِ باہمی بینک کے کاروبار میں کئی مسائل ہوتے ہیں۔

(۲) امدادِ باہمی کمشنر و مسجّل سخت منتظم ہوتا ہے۔

(۳) صدر کو ووٹ دینے کا اختیار ہوتا ہے۔

(۴) رُکن کو امدادِ باہمی انجمن کے کل سرمائے کا $\frac{1}{5}$ سے زیادہ رقم کا حصّہ دار نہیں بنایا جاسکتا ہے۔

سوال نمبر۷ :- درج ذیل سوالات حل کیجئے۔(کوئی دو) **[10]**

(۱) مجوزہ/منصوبہ بند (Proposed) امدادِ باہمی کے لئے نام محفوظ رکھنے سے متعلق مسجّل کے لئے درخواستی خط تیار کیجئے۔

(۲) امدادِ باہمی انجمن کی رکنیت نامنظور کرنے پر ایک خط تیار کیجئے۔

(۳) امدادِ باہمی انجمن کی قانونی بیاضیں کون سی ہیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۸ :- امدادِ باہمی انجمن کے اراکین کے اختیارات اور ذمّہ داریاں مفصّل واضح کیجئے۔ **[8]**

یا

مہاراشٹر امدادِ باہمی انجمن قانون 1960ء کے محاسبہ/آڈٹ (Audit) سے متعلق قانونی شرائط واضح کیجئے۔

◆◆◆